49049-ایک حاجی عرفات میں فوت ہوگیا تو کیا اس کا یہ حج مکمل کیا جائے گا؟ یا بعد میں حج بدل ہوگا؟

سوال

ایک حاجی عرفات میں فوت ہوگیا تو کیا اس کا یہ حج مکمل کیا جائے گا؟ یا بعد میں حج بدل ہو گا؟

پسندیدہ جواب

"اس کی طرف سے حج نہیں کیا جائے گا؛ کیونکہ اس حاجی نے اپنے ذمہ واجب ادا کر دیا ہے، نیز نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے جب ایسے شخص کے بارے میں پوچھا گیا جس کی اونٹنی نے اسے گرا کر اس کی گردن توڑ دی تھی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (اسے بیری اور پانی سے غسل دو، اس کی احرام کی دو چادروں میں ہی کفن دو، اسے خوشبو مت لگا، نہ ہی اس کا سر ڈھانپو؛ کیونکہ اسے قیامت کے دن تلبیہ کہتے ہوئے اٹھایا جائے گا۔) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نہیں فرمایا کہ اس کی طرف سے حج مکمل بھی کرو۔" ختم شد

واللہ اعلم